پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی ڈائریکٹوریٹ آف اسٹیٹ مینجمنٹ، حیات آباد

عوامی اطلاع

منسوخ شدہ رہائشی پلاٹس / مکانات کی بحالی کے لیے سنہری موقع

پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) حیات آباد کے تمام متعلقہ الاٹیوں اور رہائشیوں کو مطلع کرتی ہے کہ PDA بورڈ کے 24 اپریل 2026 کو منعقدہ 14 ویں اجلاس میں غیر موافق زمین کے استعمال (Non-Conformative Land Use) کی بنیاد پر 2024-12-23 سے قبل منسوخ کیے گئے رہائشی پلاٹس / مکانات کی بحالی کے لیے ایک خصوصی اور ایک مرتبہ کی رعایت (One-Time Opportunity) کی منظوری دی گئی ہے۔

جن مالکان کے رہائشی پلاٹس یا مکانات غیر رہائشی یا غیر مجاز تجارتی استعمال کی وجہ سے منسوخ ہو چکے ہیں، وہ غیر موافق استعمال مکمل طور پر ختم کر کے، تمام واجبات جمع کرا کے اور مقررہ بحالی فیس ادا کر کے اپنے پلاٹس / مکانات بحال کرا سکتے ہیں۔

بحالی فیس درج ذیل ہوگی:

- 5 مرلہ تا 9 مرلہ پلاٹس کے لیے فی مرلہ 30,000 روپے (موجودہ بحالی فیس کا 10 فیصد)
- 10 مرلہ تا 19 مرلہ پلاٹس کے لیے فی مرلہ 45,000 روپے (موجودہ بحالی فیس کا 15 فیصد)
- 20 مرلہ اور اس سے بڑے پلاٹس کے لیے فی مرلہ 60,000 روپے (موجودہ بحالی فیس کا 20 فیصد)

تمام درخواستیں بمعہ مقررہ بحالی فیس ڈائریکٹوریٹ آف اسٹیٹ مینجمنٹ، حیات آباد میں 15 جولائی 2026 تک جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

یہ رعایت صرف ایک مرتبہ دی جا رہی ہے اور آئندہ کسی قسم کی مزید رعایت یا نرمی نہیں دی جائے گی۔ مقررہ مدت کے بعد غیر مطابقت رکھنے والے تمام کیسز کے خلاف متعلقہ بلڈنگ ریگولیشنز کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید برآں 16 جولائی 2026 سے بحالی فیس 300,000 روپے فی مرلہ سے بڑھا کر 500,000 روپے فی مرلہ کر دی گئی ہے۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:
ڈائریکٹوریٹ آف اسٹیٹ مینجمنٹ پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد، پشاور
رابطہ نمبر:۔ 091-9217035 / 091-9217037

Approved !!

CamScanner